# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

4دسمبر2023

## پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی نامزدگی کے بعد بلا مقابلہ انتخاب پر نومنتخب چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان سمیت تمام ذمہ داران کو مبارکباد

- کور کمیٹی نے نومنتخب چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کو مکمل حمایت و تعاون کی یقین دہانی کروائی اور ان کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کیا
- بانی چیئرمین عمران خان نے جماعت کے ایک قابل اور وفاشعار کارکن کو نامزد کرکے ملک میں دہائیوں سے جاری موروثی سیاست پر کاری ضرب لگائی ہے۔
- کور کمیٹی پہلے ہی تاحیات چیئرمین کا منصب بانی چیئرمین عمران خان کیلئے مختص کرچکی ہے۔

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کی ملک بھر میں پرامن سیاسی سرگرمیوں میں تیزی لانے کا فیصلہ

- خیبرپختونخوا کے بعد پنجاب میں بھی ورکرز کنونشن کے انعقاد کی منظوری دے دی گئی
- پنجاب بھر میں ورکرز کنونشن کے انعقاد کا سلسلہ جلد شروع کرنے کیلئے تنظیمی ذمہ داران کو منصوبہ بندی و تیاریوں کی ہدایات جاری

## کور کمیٹی کا قومی انتخابات کیلئے فنڈز کے عدم اجرا کے معاملے پر شدید تشویش کا اظہار

- نگران حکومت سے عام انتخابات کے انعقاد کیلئے بغیر پس و پیش فوری فنڈز جاری کرنے کا مطالبہ
- آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انتخابات کے حوالے سے نگران حکومت کے حقیقی عزائم و اہداف سے پوری قوم آگاہ ہے۔
- مالیات کی عدم دستیابی / فراہمی یا کسی بھی قسم کی غیر آئینی و غیر قانونی حیلہ سازی سے انتخابات کے طے شدہ تاریخ پر انعقاد کی راہ میں رکاوٹ قوم ہر گز قبول نہیں کرے گی۔

**کور کمیٹی نے عدلیہ کی بجائے ریٹرننگ افسران انتظامیہ سے لینے کیخلاف بھی شدید ردعمل کا اظہار کیا**

- عدلیہ کی بجائے انتخابات کے انعقاد کیلئے انتظامی افسران کی خدمات لینے کا فیصلہ ہر لحاظ سے انتخابات میں دھاندلی کا منصوبہ ہے۔
- انتخابات کی شفافیت متاثر کرنے کی کوئی بھی دانستہ یا نادانستہ کوشش ملکی مفاد اور جمہوریت پر مجرمانہ حملہ ہو گا۔
- قوم ایسی کسی بھی کوشش کو قبول کرے گی نہ انتظامی افسران کے ذریعے انتخاب پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت دے گی۔
- الیکشن کمیشن فوری طور پر انتظامی افسران کی بطور آر اوز تقرری کا فیصلہ واپس لے اور غیر جانبدار عدالتی افسران کو انتخابات کے انعقاد کی ذمہ داری سونپے۔

# کور کمیٹی کا عدالتی حکم کے باوجود قومی و بین الاقوامی میڈیا کو جیل میں بانی چیئرمین عمران خان کے ٹرائل تک آزادانہ رسائی نہ دینے پر شدید احتجاج

- ملکی و غیر ملکی میڈیا نمائندگان، آزاد مبصرین یا عوام کی مقدمے کی کارروائی تک رسائی روک دیے جانے سے اوپن ٹرائل کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی۔
- سرکار عدالتی حکم ہوا میں اڑانے کی روش ترک کرے اور آئندہ سماعت پر ملکی و غیر ملکی میڈیا کے نمائندوں کو بلا روک ٹوک مقدمے کی کارروائی تک رسائی دے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ